© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**قیادت اور ہلاکت اقوام**، خلیل الرحمٰن چشتی۔ ناشر: الفوز اکیڈمی، E-11/4، اسلام آباد۔ صفحات: ۲۰۰۔ قیمت: ۱۱۰ روپے۔

کوئی آرٹسٹ تصویر بناتا ہے تو برش ہاتھ میں لے کر ایک ایک نقش بناتا ہے۔ تا آنکہ جب وہ کام ختم کرتا ہے، تو سامنے مکمل تصویر آجاتی ہے۔ قوموں کی ہلاکت پر خلیل الرحمٰن چشتی کی اس تالیف کی یہی کیفیت ہے۔ ۸ اکتوبر کے زلزلے نے بستیوں کی بستیاں ملیامیٹ کر کے ہلاکت اور عذابِ الٰہی کے موضوع کو گرم موضوع بنا دیا۔ فاضل مؤلف اس حوالے سے قرآن کی تمام آیات کو سابقہ اقوام کی ہلاکت، ہلاکت کے اصول، مقاصد ہلاکت، طریقۂ ہلاکت، ہم کیا کریں، قیادت کیا کرے، کے عنوانات کے تحت ایک مربوط انداز سے پیش کیا ہے۔ جب بات ختم ہوتی ہے تو موضوع کا ہر رخ قرآنی آیات کی روشنی میں روشن ہو جاتا ہے۔ قوموں کا عروج و زوال قرآن کا ایک اہم موضوع ہے جو عموماً دروس قرآن میں اوجھل رہ جاتا ہے حالاں کہ اس کا اطلاق کرنے سے عبرت کے بہت سے پہلو سامنے آتے ہیں۔

یہ کتاب ایک طرف قرآن کا حقیقی فہم پیدا کرتی ہے اور دوسری طرف فاسق و فاجر اور صالح قیادت کو آئینہ دکھاتی ہے۔

یہ بھی کہنے کو دل چاہتا ہے کہ جب سے ہوش سنبھالا ہے مغربی تہذیب کے زوال کی علامات پڑھ پڑھ کر اس کی ہلاکت دیکھنے کے منتظر ہیں لیکن غالباً صدیوں کے فیصلے ایک حین (مدت) حیات میں نہیں ہوتے۔ ویسے بھی ہم جو گنتی کرتے ہیں تو اللہ کے ایک دن میں ہمارے ۵۰ ہزار دن آجاتے ہیں۔ (مسلم سجاد)

© rasailojaraid.com